## حالات کتنے ہی کٹھن اور مشکل ہو جائیں قائد تحریک الطاف حسین کا ساتھ آخری سانس اور خون کے آخری قطرے تک نہیں چھوڑیں گے، رابطہ کمیٹی

## قائد تحریک الطاف حسین کی حفاظت کیلئے خصوصی اقدامات کئے جائیں، برطانوی حکومت سے اپیل

## شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق شہید کے قاتلوں کو جلد از جلد گرفتار کیا جائے

## خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں رابطہ کمیٹی لندن اور کراچی کا اہم اور ہنگامی اجلاس

کراچی۔۔۔26/ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی پاکستان اور لندن کا ایک اہم اجلاس آج خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد اور انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں مشترکہ طور پر ہوا جس میں ایم کیو ایم دشمن قوتوں کی جانب سے ایم کیو ایم کو ختم کرنے اور قائد تحریک الطاف حسین کو راستے سے ہٹانے کے ناپاک منصوبوں کی شدید الفاظ میں مذمت کی گئی۔ اپنے اجلاس میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ غریب و متوسط طبقہ سے جنم لینے والی ایم کیو ایم کو ختم کرنے اور قائد تحریک الطاف حسین کو راستے سے ہٹانے کیلئے ماضی میں بھیانک آپریشن کیا گیا جسکے دوران نہ صرف ایم کیو ایم کے پندرہ ہزار سے زائد کارکنان کو شہید کیا گیا بلکہ قائد تحریک الطاف حسین کے بھائی ناصر حسین اور بھتیجے عارف حسین کو بھی بے دردی سے شہید کر دیا گیا تاہم تمام تر ریاستی ہتھکنڈوں اور ظلم و جبر کے باوجود ایم کیو ایم کو ختم نہیں کیا جاسکا تو اب عوام دشمن ملکی و بین الاقوامی قوتیں ایم کیو ایم کو مٹانے کیلئے سرگرم ہو چکی ہیں، لندن میں ایم کیو ایم کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق کا بہیمانہ قتل بھی اسی سازش کی ایک کڑی ہے اور ڈاکٹر عمران فاروق کے قتل کے بعد انٹرنیشنل میڈیا میں شائع ہونے والی بیشتر خبروں، تبصروں اور تجزیوں کو پڑھ کر ہر ذی شعور فرد بخوبی اندازہ لگا سکتا ہے کہ وہ ڈاکٹر عمران فاروق کے قتل کی آڑ میں کس جماعت اور کس شخصیت کو نشانہ بنانا چاہتے ہیں۔ اجلاس میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ ایم کیو ایم کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق کے بہیمانہ قتل کے بعد تحریک کی دشمن قوتیں  قائد تحریک الطاف حسین کے خلاف گھناؤنی سازشیں کر رہی ہیں جس سے دنیا بھر میں پھیلے ہوئے ایم کیو ایم کے کارکنان اور کروڑوں ہمدرد عوام میں سخت بے چینی اور تشویش پائی جاتی ہے لہٰذا ہم برطانوی حکومت سے اپیل کرتے ہیں کہ قائد تحریک الطاف حسین کی حفاظت کیلئے خصوصی اقدامات کئے جائیں اور شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق شہید کے قاتلوں کو جلد از جلد گرفتار کیا جائے۔ اجلاس میں قائد تحریک الطاف حسین کی قیادت پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا گیا اور اس عزم کا اعادہ کیا گیا کہ چاہئے حالات کتنے ہی کٹھن اور مشکل ہو جائیں ہم کسی صورت میں قائد تحریک الطاف حسین کا ساتھ نہیں چھوڑیں گے اور ان کی قیادت میں حق پرستی کی جدوجہد کو جاری رکھیں گے، ہم تمام ایم کیو ایم دشمن قوتوں کو آگاہ کرتے ہیں کہ ایم کیو ایم کے کارکنان و ذمہ داران نے ماضی میں بھی ہر قسم کے مظالم کا سامنا کیا ہے اور آج بھی ہم کسی بھی سازشی ہتھکنڈے کے آگے سر نہیں جھکائیں گے، کوئی بھی سازشی ہتھکنڈہ ہمیں قائد تحریک الطاف حسین سے دور نہیں کر سکتا، ایم کیو ایم کا ایک ایک کارکن ہمت و حوصلے کے ساتھ آخری سانس اور خون کے آخری قطرے تک الطاف حسین کے ساتھ ہے۔ اجلاس میں ایم کیو ایم کے کنوینر شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی مغفرت، ان کے بلند درجات، سوگواران کیلئے صبر جمیل، ایم کیو ایم کے خلاف جاری سازشوں کے خاتمے اور قائد تحریک الطاف حسین کی صحت و تندرستی اور درازی عمر کیلئے بھی دعائیں کی گئیں۔

## ایم کیو ایم شہید کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق کے ایصال ثواب کیلئے ایم کیو ایم کے تحت قرآن و فاتحہ خوانی

کراچی۔۔۔26/ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے کنوینر اور شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کی المناک شہادت پر جاری ایم کیو ایم کے دس روزہ سوگ کے دسویں روز کے اختتام پر ایم کیو ایم کے تحت اتوار کو عزیز آباد کے لال قلعہ گراؤنڈ میں ان کے ایصال ثواب اور مغفرت کیلئے قرآن و فاتحہ خوانی کی گئیں اور شہید کو زبردست خراج عقیدت و سلام عقیدت پیش کیا گیا۔ قرآن خوانی و فاتحہ خوانی کے اجتماع میں ایم کیو ایم کے ہزاروں کارکنان، ذمہ داران، شعبہ جات کے ارکان، اراکین قومی و صوبائی اسمبلی، سینیٹرز، وفاقی و صوبائی وزراء اور رابطہ کمیٹی کے ارکان کے علاوہ ڈاکٹر عمران فاروق کی بیوہ شمائلہ عمران کی والدہ اور دیگر عزیز و اقارب سمیت مختلف مکاتب فکر کے علمائے کرام، سماجی، ادبی و صحافتی تنظیموں کے نمائندگان اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے ایم کیو ایم ہمدردوں نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کی۔ حق پرست صوبائی وزیر اوقاف عبدالحسیب نے خشوع و خضوع کے ساتھ دعا کرائی۔ اس موقع پر عمران فاروق کے ایصال ثواب کیلئے قرآن شریف کا ختم کیا گیا اور لاکھوں مرتبہ سورۂ یٰسین، سورۂ فاتحہ، درود شریف اور قل شریف کا ورد کیا گیا۔

## شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے کراچی، حیدرآباد اندرون سندھ کے مختلف اضلاع سمیت ملک بھر میں قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات، کارکنان وذمہ داران نے شہید کی تحریکی خدمات پرانہیں زبردشت خراجِ عقیدت پیش کیا

کراچی۔۔۔26 ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے کنوینز شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کے ایصال ثواب کیلئے پاکستان بھر میں ایم کیوایم کے دفاتر پر قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات کا سلسلہ نویں روز بھی جاری رہا۔اس سلسلے میں ہفتے کے روز کراچی، حیدر، سکھر، نوابشاہ، ٹھٹھہ زون کے علاوہ ملک کے دیگر شہروں کوئٹہ، ملتان، جیکب آباد، میں ایم کیوایم کے دفاتر پر قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات کا انعقاد انتہائی عقیدت واحترام سے کیا گیا جس میں شہید کی روح کیلئے خصوصی دعائیں کی گئیں۔تفصیلات کے مطابق جمعرات کے روز شریف آباد میں واقع ڈاکٹر عمران فاروق شہید کی رہائشگاہ پر ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کا اجتماع منعقد ہوا جس میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، حق پرست ارکانِ قومی وصوبائی اسمبلی، مختلف سیکٹرز و یونٹس کے ذمہ داران وکارکنان شہید انقلاب عمران فاروق کے اہلخانہ اورعزیز واقارب سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد، سابقہ بلدیاتی نمائندگان، آل انجمن تاجران خیر پور، کیمسٹ اینڈ ڈرگ ایسوسی ایشن، کچھی رابطہ کمیٹی، مضافاتی علاقوں سے تعلق رکھنے والے ایم کیوایم بن قاسم آباد سیکٹر کے سیکٹر انچارج واراکین، ذمہ دارن، سیاسی وسماجی وادبی سے تعلق رکھنے والی شخصیات، کراچی وحیدرآباد کے مختلف جامعات وکالجز کے اساتذہ کرام، طلبا وطالبات نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے سلسلے میں ایم کیوایم حیدرآباد زون کے تحت قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماع میں حیدرآبا زون کے زونل انچارج واراکین زونل کمیٹی نے شرکت کی۔حیدر آباد کی طرح سکھر زون کے تحت شہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کے ایصال ثواب کیلئے زونل آفس واقع جناح چوک سکھر پر قرآن خوانی وآیت کریمہ اوریٰسین شریف، درود شریف کے ورد کا اہتمام کیا گیا جس میں زونل کمیٹی کے انچارج واراکینِ زونل کمیٹی سمیت مرد، خواتین، بزرگ اور بچوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی، دریں اثناء ایم کیوایم بدین، میر پور خاص، شہداد کوٹ، ٹنڈوالہ یار، ملتان، راولپنڈی، لاہور، فیصل آباد، کوئٹہ، نوابشاہ میں ایم کیوایم کے دفاتر پر قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کے اجتماعات ہوئے اورشہید انقلاب ڈاکٹر عمران فاروق کوزبردست خراج عقیدت پیش کیا۔

## اے این پی پاکستان میں عوامی انقلاب سے خوف زدہ ہے، سینیٹر طاہر مشہدی
## اے این پی نے ڈالروں کے عوض صوبہ خیبر پختونخوا کے مظلوم عوام کو فروخت کردیا ہے
## سینیٹر افراسیاب خٹک کی جانب سے ایم کیوایم کی قیادت کے خلاف زہرافشانی پر اظہار مذمت

کراچی۔۔۔26 ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست سینیٹر کرنل (ر) طاہر مشہدی نے ایم کیوایم کی قیادت کے خلاف عوامی نیشنل پارٹی کے سینیٹر افراسیاب خٹک کی زہرافشانی کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اورکہا ہے کہ ڈالروں کے عوض صوبہ خیبر پختونخوا کے مظلوم عوام کو فروخت کرنے والے پاکستان میں عوامی انقلاب سے خوف زدہ ہیں۔ایک بیان میں سینیٹر طاہر مشہدی نے کہا کہ افراسیاب خٹک سمیت اے این پی کے رہنما ملک بھر کے 98 فیصد عوام میں جنم لینے والے انقلاب کو سمجھ نہیں سکتے کیونکہ وہ خود غریب ومتوسط طبقے کے احساسات اور جذبات سے بالکل عاری ہیں اورانہیں غریب عوام کے مسائل اورمشکلات کے حل سے بھی کوئی دلچسپی نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ اے این پی کی اعلیٰ قیادت صوبہ کے غریب عوام کو دہشت گردوں کے رحم وکرم پر چھوڑ دبئی اور ملیشیا میں کاروبار کررہی ہے اورامریکہ سے ڈالروں سے بھرے سوٹ کیس لاتی ہیں جواس بات کا ثبوت ہے کہ اے این پی کی قیادت پختون عوام کے خون کا سودا کرچکی ہے اوراس نے امریکی ڈالروں کے عوض صوبہ خیبر پختونخوا کے مظلوم عوام کو فروخت کردیا ہے۔انہوں نے کہا کہ اے این پی لینڈ مافیا، ڈرگ مافیا اوراسلحہ مافیا کے ذریعہ کراچی پر قبضہ کرنے کا خواب دیکھ رہی ہے اوراس گھناؤنے منصوبے کے تحت کراچی کا امن غارت کرنا چاہتی ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔سینیٹر طاہر مشہدی نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے ملک میں عوامی انقلاب کا پیغام دیا ہے جس پر ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقے کے عوام لبیک کہہ رہے ہیں اوراب کرپشن سے پاک معاشرے کے لئے عوامی انقلاب پاکستان کا مقدر بن چکا ہے۔

## امریکی حکومت عافیہ صدیقی کوفوری طور پر رہا کرے، یہ پوری پاکستانی قوم کی غیرت اورحمیت کا مسئلہ ہے، ڈاکٹر فاروق ستار
## عافیہ صدیقی کی والدہ عصمت صدیقی سے ان کی رہائشگا پر ملاقات کے موقع پر میڈیا سے گفتگو

کراچی (اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنو ینزاوروفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانیز ڈاکٹر فاروق ستار نے امریکی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ ڈاکٹر عافیہ صدیقی کوفوری طور پر رہا کردے کیونکہ ان کی صرف عافیہ صدیقی ہی نہیں بلکہ سزا پاکستان کی پوری قوم کی غیرت اورحمیت کا بھی مسئلہ ہے۔ڈاکٹر عافیہ صدیقی پر عائد الزامات کی صحت کے حوالے سے بہت سارے ایسے سوالات اٹھ رہے ہیں جس کے تحت انہیں سزا دی گئی ہے،متحدہ قومی موومنٹ سمیت پاکستان کی پوری قوم نے اسے مسترد کردیا ہے ہم اس سزا کو نہیں مانتے اور اس سزا کو کالعدم قرار دیکر مقدمہ فوری طور پر واپس لیا جائے۔ یہ بات انہوں نے اتوار کی دوپہر ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی رہائشگا پر رابطہ کمیٹی کے رکن بیگم نسرین جلیل کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہی اس موقع پر حق پرست رکن سندھ اسمبلی مزمل قریشی ، عافیہ صدیقی کی والدہ عصمت صدیقی ، ان کی بہن فوزیہ صدیقی اور بہنوئی ڈاکٹر ناصر بھی موجود تھے۔

ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ ڈاکٹر عافیہ صدیقی پوری قوم کی بیٹی اور ہم سب کی بہن ہے،ان پر عائد مقدمہ اورسنائی گئی سزا کے حوالے سے جو خدشات ان کی والدہ، بہن اور پوری قوم کے تھے وہ صحیح ثابت ہوئے ہیں اس پر اگر ڈاکٹر عافیہ صدیقی کے اہل خانہ سے صرف افسوس کیا جائے تو یہ محض ایک روایت ہوگی جس کا وقت اب گزر چکا ہے اور عملی اقدامات کی ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر عافیہ صدیقی کو سنائی گئی سزا کے خلاف پوری قوم سراپا احتجاج ہے ہم الطاف حسین بھائی کی ہدایت پر یہاں ان سے اظہار یکجہتی کیلئے آئے ہیں جناب الطاف حسین نے بھی کہا ہے کہ وہ پاکستان کے فرزند اور ڈاکٹر عافیہ صدیقی کے بھائی ہونے کے ناطے اس سزا پر جتنی بھی مذمت کریں وہ کم ہے۔ضرورت اس بات کی ہے کہ امریکا اور پاکستان کی حکومتیں پوری قوم کے جذبات کو محسوس کریں کیونکہ یہ صرف ڈاکٹر عافیہ صدیقی اوران کے اہل خانہ کیلئے ہی نہیں پوری قوم کا درد، غیرت ،حمیت اور اخلاقی مسئلہ ہے۔ہم امریکی حکومت سے اپیل نہیں کرتے بلکہ مطالبہ کرتے ہیں کہ ڈاکٹر عافیہ صدیقی پر جو الزامات لگائے گئے ہیں اس کی صحت کے حوالے سے خدشات اور سوالات پائے جاتے ہیں جس کے تحت انہیں سزا دی گئی ہے،اوباما حکومت کو چاہئے کہ وہ فوری طور پر عافیہ صدیقی کو رہا کردے۔ جناب الطاف حسین اور متحدہ قومی موومنٹ ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی والدہ، بہن اور دیگر اہل خانہ سے اظہار یکجہتی کرتے ہیں اور مکمل تعاون کی یقین دہانی کراتے ہیں۔ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی والدہ عصمت صدیقی ایک جرات مند خاتون ہیں، انہوں نے پوری قوم کا سرفخر سے بلند کردیا ہے ان کا عزم اور حوصلہ ہمارے لئے بھی مشعل راہ ہے ہم انہیں ہرگز مایوس نہیں کریں گے اور ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی واپسی میں کوئی کسر نہیں چھوڑیں گے اور پاکستان کی سرزمین پر واپس لائیں گے اور اس سلسلے میں ہمارے بس میں جو کچھ ہوا ضرور کریں گے۔انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر عافیہ صدیقی کے مقدمے کے حوالے سے اگر حکومت کی طرف سے کوتاہیاں ہوئی ہیں تو حکومت کو چاہئے کہ فوری طور پر اس کا نوٹس لے اور ایک جامعہ اور مربوط پالیسی اپنا کر عافیہ صدیقی کو واپس لانے کیلئے ازسرنو کوشش کرے اس سلسلے میں کوئی دورائے نہیں ہے۔ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ جو الزامات عافیہ صدیقی پر عائد کئے ہیں اگر وہ عام امریکی کے سامنے رکھے جاتے یا امریکی عوام کی عدالت میں یہ مقدمہ چلایا جاتا تو ڈاکٹر عافیہ صدیقی یقینی طور پر بے گناہ ثابت ہوجاتیں۔عافیہ صدیقی کی امریکا میں پندرہ سال تک تعلیم اور دیگر خدمات کا ایک ریکارڈ رکھتی ہیں اگر اسے ہی امریکی عوام کے سامنے رکھ کر ریفرنڈم کرایا جاتا تب بھی وہ بے گناہ ثابت ہوجاتیں۔عافیہ صدیقی کی گرفتاری اور پھر انہیں سنائی جانے والی سزا پوری قوم کیلئے شرمندگی کا ایک مقام ہے اسے رہائی دلا کر ہی اس شرمندگی کو ختم کیا جاسکتا ہے۔انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر ہم دس روز سے سوگ کی حالت میں ہیں یہ سانحہ کوئی چھوٹا واقعہ نہیں بلکہ ایک غیر معمولی بات ہے جو ملک کی خودمختاری کے حوالے سے بھی ایک سوال ہے کیونکہ یہ سانحہ باہر کے ملک کی زمین پر ہوا ہے ہمیں اس سلسلے میں اپنی غیرت اورحمیت کو سب سے آگے رکھنا ہوگا۔انہوں نے کہا کہ ہم عافیہ صدیقی کے بھائی اور ان کی والدہ کے بیٹے ہیں اور انہیں اپنے خاندان کا حصہ سمجھتے ہیں۔ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ عافیہ صدیقی کی رہائی کیلئے ہم سب کو مشترکہ کوششیں کرنی چاہئیں اگر نہیں کریں گے تو ہم ایک جغرافیہ میں تو محدود رہ سکتے ہیں لیکن ایک باوقار قوم کے طور پر نہیں رہ سکتے۔ ایک اور سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ پیر کو کراچی میں امریکی سفارتکاروں سے ایک ملاقات متوقع ہے اس موقع پر بھی ہم ڈاکٹر عافیہ صدیقی کے حوالے سے انہیں اپنے مئوقف سے آگاہ کریں گے جبکہ منگل کے روز عافیہ صدیقی کو سنائی جانے والی سزا کے خلاف ایک بڑی ریلی نکالی جائے گی جس کی تفصیلات کا اعلان پیر کو کریں گے اور یہ ریلی پرامن ہوگی اوراس میں ڈاکٹر عافیہ صدیقی کی والدہ اور بہن سمیت تمام اہل خانہ اور خاص وعام کو شرکت کی دعوت دی جائے گی۔اس ریلی کے ذریعے ہم بین الاقوامی ضمیر کی توجہ بھی اس طرف دلوائیں گے۔ایک اور سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ ہم مخلوط حکومت میں شریک ہیں لیکن جانتے ہیں کہ اپنے کولیشن پارٹنر سے کیسے بات کرنا چاہئے اگر کوئی نہ سمجھے تو عقل مند کیلئے ایک اشارہ ہی کافی ہے۔انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر عمران فاروق کی تحقیقات اور میت اہل خانہ کو دینے کے حوالے سے ابھی کوئی اطلاع نہیں ہے تاہم آج سے متحدہ قومی موومنٹ اپنے معمول کی تنظیمی سرگرمیاں شروع کردے گی۔

## عافیہ صدیقی کی والدہ کا ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر اظہار افسوس اور تعزیت

کراچی (اسٹاف رپورٹر)

امریکہ میں اسیر عافیہ صدیقی کی والدہ عصمت صدیقی نے متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے کنوینر ڈاکٹر عمران فاروق کی شہادت پر گہرے افسوس اور تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ اتوار کے روز اپنی رہائشگاہ پر ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر عمران فاروق اور رکن بیگم نسرین جلیل سے اپنی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ عمران کراچی ہی نہیں پورے پاکستان کا بیٹا تھا اس ایک بیٹے کو ایک غیر ملک میں شہید کر دیا گیا ہے جبکہ دوسری بیٹی عافیہ صدیقی بھی ایک غیر ملک میں زندہ در گور ہے۔ انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ عمران فاروق کی شہادت قبول فرمائے، ان کی مغفرت اور درجات کو بلند کرے۔ انہوں نے کہا کہ عمران تو شہید ہو گیا ہے اس کی واپسی تو ممکن نہیں تاہم عافیہ صدیقی کو زندہ واپس لایا جا سکتا ہے۔

## الطاف حسین ایک عظیم انسان ہیں، پہلے ہی سے میری خواہش تھی کہ میری بیٹی الطاف حسین ہی کے ذریعے باعزت طور پر پاکستان واپس آئے، والدہ عافیہ صدیقی

کراچی (اسٹاف رپورٹر)

امریکہ میں اسیر پاکستانی خاتون عافیہ صدیقی کی والدہ محترمہ عصمت صدیقی نے کہا ہے کہ الطاف حسین ایک عظیم انسان ہیں پہلے ہی سے میری خواہش تھی کہ میری بیٹی الطاف حسین ہی کے ذریعے باعزت طور پر پاکستان واپس آئے انہوں نے اعتراف کیا کہ قائد تحریک الطاف حسین اور متحدہ قومی موومنٹ نے ہمارا بہت ساتھ دیا ہے۔ اتوار کو اپنی رہائشگاہ پر متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر فاروق ستار اور رکن رابطہ کمیٹی بیگم نسرین جلیل سے بات چیت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ صدر اور وزیر اعظم پاکستان اگر امریکی صدر اوباما کو خط لکھ دیتے تو عافیہ صدیقی واپس آ سکتی تھیں خط لکھنے کی بات امریکی حکومت کی جانب سے کہی گئی تھی پاکستان کی وزارت خارجہ نے اوباما کے نام خط بھی تحریر کر دیا تھا لیکن وہ ان تک نہیں پہنچا اور وزارت خارجہ کی الماری میں رکھا رہ گیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نے عافیہ صدیقی کی رہائی کے سلسلے میں سنجیدہ رویہ اختیار نہیں کیا اور جو کچھ بھی کیا وہ محض نمائشی تھا ہم نے خود بھی حکومتِ پاکستان کو عافیہ صدیقی کی بے گناہی کے حوالے سے ثبوت فراہم کئے تھے لیکن اسے کوئی اہمیت نہیں دی گئی، حکومت کی جانب سے مقرر کئے گئے وکلاء نا اہل تھے انہوں نے ہم سے کوئی مشورہ نہیں کیا اور امریکا میں پاکستان کے سفیر حسین حقانی کے احکامات پر عمل کرتے رہے جبکہ پاکستانی وزارت خارجہ کی خاموشی مجرمانہ ہے عافیہ صدیقی کی بہن فوزیہ صدیقی نے کہا کہ عافیہ صدیقی کو پاکستان لانے کے اور بھی بہت سے طریقے ہیں تاہم ایسا کوئی طریقہ اختیار نہ کیا جائے جس کے باعث ہم اپنی گردنوں میں غلامی کا طوق ڈال لیں اب ہمیں عافیہ صدیقی کی رہائی کے حوالے سے کوئی جلدی نہیں ابھی ہمارے پاس چھیاسی سال موجود ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ انہیں اسلام آباد بلایا گیا ہے ایسی تجاویز ہمارے پاس ہیں کہ وہ 72 گھنٹوں میں پاکستان آ سکتی ہیں۔ امریکہ کے ساتھ عافیہ صدیقی کی رہائی کے حوالے سے کوئی معاہدہ ہوا تو اس کا فائدہ عافیہ صدیقی کو نہیں امریکہ کو ہوگا۔

## ایم کیوایم کورنگی سیکٹر کے تحت منعقدہ اقلیتی کارکن دلاور مسیح شہید کا سروس میموریل

کراچی ۔۔۔26 ستمبر 2010ء

گزشتہ دنوں ٹارگٹ کلنگ کے واقع میں شہید ہونیوالے ایم کیوایم کے اقلیتی کارکن دلاور مسیح شہید کا سروس میموریل گزشتہ دنوں فرانسیس ٹاؤن کورنگی سیکٹر کے تحت منعقد کیا گیا۔ جس میں شہید کی روح کے کو زبردست خراج تحسین پیش کیا گیا۔ سروس میموریل کے موقع پر اقلیتی امور کمیٹی کے انچارج عبدالاحد و اراکینِ کمیٹی کے علاوہ سیکٹر کمیٹی اور مختلف یونٹوں کے کارکنان کے علاوہ حق پرست اراکین قومی وصوبائی اسمبلی منور لعل، رشید خان، علیم الرحمان سمیت کرسچن برادری کے تمام حق پرست اقلیتی عوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔بعدازاں پاسٹر جاوید انجم نے سروس میموریل کی عبادت کے فرائض انجام دیئے

## متحدہ سوشل فورم نے معروف شاعر اور ادیب راغب مراد آبادی کی مقامی اسپتال جا کر عیادت کی

کراچی ۔۔۔26، ستمبر 2010ء

متحدہ سوشل فورم کے جوائنٹ انچارجز غازی صلاح الدین اور احمد سلیم صدیقی نے معروف شاعر اور ادیب راغب مراد آبادی کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا اور مقامی اسپتال جا کر ان کی عیادت کی۔ انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے بھی راغب مراد آبادی کی خیریت دریافت کی اور ان کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ وہ کچھ دیر ان کے ہمراہ رہے اس موقع پر انہوں نے راغب مراد آبادی کی صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔

## ایم کیوایم ملتان زون کے زونل انچارج،گلشن اقبال ٹاؤن سیکٹر یونٹ 12 کے یونٹ انچارج اور کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔26،ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ملتان زون کے زونل انچارج کرامت علی شیخ کے بڑے بھائی شیخ صادق علی،ایم کیوایم متحدہ آرگنائزنگ کمیٹی گلشن اقبال ٹاؤن سیکٹر یونٹ 12 کے یونٹ انچارج دانیال قریشی کی والدہ محترمہ اعجاز خاتون،ایم کیوایم برنس روڈ سیکٹر یونٹ کنٹونمنٹ کے کارکن محمد ابراہیم کی والدہ محترمہ سروری رحیم اور ایم کیوایم شاہ فیصل سیکٹر یونٹ 105 کے کارکن محمد دانش اسماعیل کے والد محمد اسماعیل کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ممتاز شاعر،ادیب اور ماہر تعلیم محسن احسان کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔26،ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ممتاز شاعر،ادیب اور ماہر تعلیم محسن احسان کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ محسن احسان کا انتقال ادب میں ایک بڑا خلا ہے جسے پر نہیں کیا جاسکتا۔رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم شعبہ خواتین ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 188 کی کارکن محترمہ نور بانو کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔26،ستمبر 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم شعبہ خواتین ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 188 کی کارکن اور سابق حق پرست کونسلر محترمہ نور بانو کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے بھی ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 188 کی کارکن اور سابق حق پرست کونسلر محترمہ نور بانو کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے اور مرحومہ کی مغفرت اور بلند درجات کیلئے دعا کی۔

☆☆☆☆☆